# 23-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔انفارمیشن ٹکنالوجی اور صنعتوں کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں سال 2030ء تک لائف سائنسس کے شعبہ میں ایک لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری راغب کرنے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔

۲۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے ریاست میں گائے کے تحفظ سے متعلق قانون نافذ کرنے کا مطالبہ کیا۔

۳۔ریاستی کابینہ کا اجلاس اس وقت سکریٹریٹ میں جاری ہے جس میں مجالس مقامی کے انتخابات اور بی سی تحفظات پر غور کیا جارہاہے۔

حیدرآباد کی سٹی سیول کورٹ میں نظام ہفتم نواب میر عثمان علی خاں بہادر کے محلات اور جائیدادوں کی تقسیم کیلئے نواب نجف علی خان کی جانب سے دائر کی گئی عرضی کو مسترد کرنے کے لئے پرنس عظمت جاہ اور شہکار جاہ کی جانب سے پیش کی گئی عرضیوں کو مسترد کردیا ہے۔

COURT - NIZAM:

حیدرآباد کی سٹی سیول کورٹ میں نظام ہفتم نواب میر عثمان علی خاں بہادر کے محلات اور جائیدادوں کی تقسیم کیلئے نواب نجف علی خان کی جانب سے دائر کی گئی عرضی کو مسترد کرنے کے لئے پرنس عظمت جاہ اور شہکار جاہ کی جانب سے پیش کی گئی عرضیوں کو مسترد کردیا ہے۔سٹی سیول کورٹ کے 11 ویں ایڈیشنل چیف جج نے جائیدادوں کی تقسیم کیلئے دائر کی گئی عرضی پر جاریہ سماعت میں انہیں فریق بنانے کے لئے عظمت جاہ اور شہکار جاہ کی درخواستوں کو مسترد کردیا۔ اِس کیس میں جملہ 232 فریقین ہیں جن میں انڈین ہوٹلس کمپنی لمیٹڈ بھی شامل ہے جو تاج فلک نما ہوٹل چلاتی ہے۔عرضی گزار نے دلیل پیش کی تھی کہ نواب نجف علی خان نظام ہفتم کے قانونی وارثین میں سے ایک ہیں اور یہ کہ آبائی جائیدادوں کی ملکیت

سے متعلق مقدمہ کا تصفیہ تفصیلی سماعت کے بعد ہی ہوسکتا ہے۔ دلائل کی سماعت کے بعد اور ثبوت کا جائزہ لینے کے بعد عدالت نے عظمت جاہ اور شہکار جاہ کی عرضیوں کو مسترد کردیا۔

SCRUTINY

جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے ضمنی انتخاب کیلئے پیش کی گئی نامزدگیوں کی جانچ پڑتال مکمل ہوگئی ہے۔ جملہ 211 امیدواروں نے نامزدگیاں داخل کی تھیں ان میں سے 130 امیدواروں کی نامزدگیاں مسترد کردی گئی ہیں۔ صرف 81 امیدواروں کی نامزدگیاں قبول کی گئیں۔ انتخابی عہدیداروں نے بتایا کہ ضمنی انتخاب کی لئے جملہ 321 کاغذاتِ نامزدگی پیش کئے گئے۔ ان میں سے 186 کو مسترد کردیا گیا۔ صرف 135 کاغذاتِ نامزدگی ہی درست پائے گئے۔ نامزدگیاں واپس لینے کی کل آخری تاریخ ہے۔ کل امیدواروں کی قطعی فہرست کا اعلان کیا جائے گا۔ رائے دہی 11 نومبر کو ہوگی۔

SRIDHAR BABU

انفارمیشن تکنالوجی اور صنعتوں کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں سال 2030ء تک لائف سائنس کے شعبہ میں ایک لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری راغب کرنے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پانچ لاکھ افراد کو روزگار فراہم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ ملبورن میں آس بائیوٹیک انٹرنیشنل کانفرنس 2025ء میں کلیدی خطبہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے تلنگانہ کو لائف سائنس کے شعبہ میں عالمی مرکز بنانے کے لئے ایک جامع روڈمیاپ تیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی حکومت ایجادات، انفرااسٹرکچر اور عالمی شراکت کو فروغ دینے کے لئے جامع لائف سائنس پالیسی تیار کررہی ہے۔

CUSTODY

حیدرآباد میں ایک گاؤ رکھشک پر حملہ کے خلاف بی جے پی قائدین اور کارکنوں نے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کے دفتر کے روبرو آج احتجاج کیا۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے اس احتجاج کی قیادت کی۔ اس گاؤ رکھشک کی شناخت پرشانت عرف سوموکی حیثیت سے کی گئی ہے۔ پولیس نے رام چندر راؤ اور دیگر لیڈروں کو حراست میں لے لیا۔ بی جے پی کے ریاستی صدر نے ریاست میں گائے کے تحفظ سے متعلق قانون کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ریونت ریڈی حکومت بی جے پی ورکرس پر حملہ کرنے والوں کو بچانے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے گاؤ رکھشک پر حملہ کی مذمت کی۔ اس دوران رچہ کنڈہ پولیس نے حملہ میں ملوث تین افراد کو گرفتار کرلیا جن میں اصل ملزم ابراہیم شامل ہے اور ایک ملزم حنیف مفرور بتایا جاتا ہے۔

KTR

بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ سینئر آئی اے ایس عہدیدار ایس اے ایم رضوی کی جانب سے رضا کارانہ ریٹائرمنٹ کی درخواست یہ بتاتی ہے کہ تلنگانہ میں آل انڈیا سرویس کے عہدیداروں کی کیا صورتحال ہے۔ انہوں نے کہا کہ رضوی کے ریٹائرمنٹ میں ابھی 9 سال باقی تھے لیکن انہیں رضا کارنہ ریٹائرمنٹ لینے پر مجبور ہونا پڑا۔ حیدرآباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے تارک راما راؤ نے کہا کہ ریاستی میں سرکاری عہدیدار ایک مشکل صورتحال میں پھنسے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان عہدیداروں کو ایک طرف چیف منسٹر ریونت ریڈی اور دوسری طرف ان کے کابینی رفقاء کھینچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کنٹراکٹس اور بلوں کے معاملہ میں عہدیداروں کو مشکل صورتحال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ رضوی پر دباؤ تھا کہ وہ ایکسائز ڈپارٹمنٹ کا ایک ٹنڈر ریونت ریڈی اور وزیر ایکسائز جوپلی کرشنا راؤ کے رشتہ

داروں کو منظور کریں۔ انہوں نے کہا کہ جو پلی کرشنا راؤ ان کے بیٹے کو ٹنڈر نہ ملنے پر اس قدر برہم ہے کہ انہوں نے چیف سکریٹری کو ایک مکتوب روانہ کرتے ہوئے درخواست کی ہے کہ رضا کارانہ ریٹائرمنٹ کیلئے رضوی کی درخواست مسترد کردی جائے۔

BANDI

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے کمار نے گھٹکیسر میں فائرنگ معاملہ میں ریاستی کے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس شیودھر ریڈی سے فوری معافی کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے فائرنگ میں ملوث افراد کے خلاف فوری کارروائی کا بھی مطالبہ کیا۔ بنڈی سنجے نے راجیہ سبھا کے رکن کے لکشمن اسمبلی میں بی جے پی کے ڈپٹی لیڈر پائل شنکر اور دیگر ریاستی قائدین کے ساتھ مل کر سکندرآباد کے یشودھا ہاسپٹل کا دورہ کیا اور پرشانت کی حالت کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ بی جے پی لیڈروں نے کہا کہ ان کی پارٹی زخمی شخص کے علاج کے اخراجات برداشت کرے گی۔ بنڈی سنجے نے الزام لگایا کہ اس حملہ میں ایم آئی ایم کے لیڈر ابراہیم نے ریوالور کا استعمال کیا۔ انہوں نے پوچھا کہ ایم آئی ایم کے لیڈر کے پاس یہ ہتھیار کہاں سے آیا۔

WEATHER:

تلنگانہ میں آئندہ تین دن کے دوران اکادوکا مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے آج اپنی رپورٹ میں بتایا کہ ریاست میں آئندہ پانچ دن کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں چند مقامات پر بارش ہوئی۔

BANKING LAWS:

بینک کاری قوانین میں ترمیم سے متعلق قانون کی اہم دفعات جو نامزدگی سے متعلق ہے آئندہ مہینہ کی پہلی تاریخ سے لاگو ہوں گی۔ مرکزی وزارتِ فینانس نے ایک بیان میں بتایا کہ ان دفعات کے تحت

کھاتہ داروں کو اپنی ترجیح کے مطابق نامزدگیاں کرنے کا اختیار ہوگا۔ کھاتہ دار چار افراد کو نامزد کر سکتے ہیں۔ کھاتہ داروں اوران کے نامزدکردہ افراد کی جانب سے کئے جانے والے دعوؤں کے تصفیہ کا عمل بھی آسان بنادیا گیا ہے۔اس قانون کا مقصد بینک کاری کے شعبہ میں قواعد وضوابط کو مستحکم کرنا ہے۔

ODI INDIA AUS

آسٹریلیا نے بھارت کو اڈیلیڈ میں آج کھیلے گئے دوسرے ایک روزہ میاچ میں دو وکٹ سے شکست دے دی۔اس کے ساتھ ہی آسٹریلیا نے تین میاچوں کی سیریز دوصفر سے جیت لی ہے۔آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر بھارت کو بیٹنگ کی دعوت دی۔ بھارت نے مقررہ 50 اوورس میں 9 وکٹ کھوکر 264 رن بنائے۔روہت شرما نے سب سے زیادہ 73 اسکور کیے۔شریاس ایئر نے 61 رن بنائے۔اکسر پٹیل نے 44 رن اسکور کیے۔روہت شرما نے ایک روزہ میاچوں میں 59ویں ہاف سنچری بنائی۔اس کے ساتھ ہی وہ ورلڈکپ سے ہٹ کر آسٹریلیا میں آسٹریلیا کے خلاف ایک روزہ میاچوں میں ایک ہزار رن بنانے والے پہلے بھارتی کرکٹر بن گئے ہیں۔آسٹریلیا کے باولر ایڈم زمپا نے 60 رن دے کر 4 وکٹ لئے۔ انہیں مین آف دی میاچ قرار دیا گیا۔آسٹریلیا کی جانب سے میتھو شارٹ نے سب سے زیادہ 74 رن بنائے۔کوپر کانولی نے 61 رن اسکور کیے۔ بھارت کی طرف سے ارشدیپ سنگھ، ہرشت رانا اور واشنگٹن سندر نے دو دو وکٹ لئے۔

○○